NAYA PAKISTAN
HOUSING AND DEVELOPMENT AUTHORITY
OUR COMMITMENT- PROSPEROUS PAKISTAN

# میرا پاکستان-میرا گھر
# ہاؤسنگ فنانس اسکیم کے لیے مارک اپ سبسڈی

| تفصیلات | مارک اپ سبسڈی پروگرام |
|---|---|
| اہلیت کے معیارات | • کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے حامل مرد و خواتین<br>• پہلی بار گھر کے مالک بننے والے<br>• اسکیم کے تحت کوئی فرد صرف ایک بار رعایتی ہاؤسنگ لون کی سہولت سے استفادہ کر سکتا ہے |
| اسکیم کی کیٹیگری | • T0- نان نیفڈا منصوبوں کے تحت مکاناتی یونٹوں کے قرضے کے لیے مائکرو فنانس بینکوں کے ذریعے کیٹیگری 'صفر' کے تحت قرضہ دستیاب ہے۔<br>• T1- نیفڈا منصوبوں کے تحت قرضے کے لیے بینکوں کے ذریعے کیٹیگری 1 کے تحت قرضہ دستیاب ہے۔<br>• T2,T3- نان نیفڈا منصوبوں کے تحت مکاناتی یونٹوں کے قرضے کے لیے بینکوں کے ذریعے کیٹیگری 2 اور کیٹیگری 3 کے تحت قرضہ دستیاب ہے۔ |
| ہاؤسنگ یونٹ کا سائز | قرضے کے حجم کو درج ذیل چار کیٹیگری میں تقسیم کیا گیا ہے:<br>• کیٹیگری 'صفر' (T-0) – (الف) 125 مربع گز تک (5 مرلہ) کا گھر، اور (ب) فلیٹ / اپارٹمنٹ جن کا کورڈ ایریا زیادہ سے زیادہ 1250 مربع فٹ ہو<br>• کیٹیگری 1 (T-1) – (الف) 125 مربع گز تک (5 مرلہ) کا گھر، جن کا زیادہ سے زیادہ کورڈ ایریا 850 مربع فٹ ہو، اور (ب) فلیٹ / اپارٹمنٹ جس کا زیادہ سے زیادہ کورڈ ایریا 850 مربع فٹ ہو<br>• کیٹیگری 2 (T-2) – (الف) 125 مربع گز تک (5 مرلہ) کا گھر، اور (ب) فلیٹ / اپارٹمنٹ / جس کا زیادہ سے زیادہ کورڈ ایریا 1250 مربع فٹ ہو<br>• کیٹیگری 3 (T-3) – (الف) 250 مربع گز تک (10 مرلہ) کا گھر، اور (ب) فلیٹ / اپارٹمنٹ / جس کا زیادہ سے زیادہ کورڈ ایریا 2000 مربع فٹ ہو |
| ہاؤسنگ یونٹ کی عمر | نئے تعمیر شدہ مکانات جو درخواست دینے کی تاریخ سے ایک سال پہلے تک کے دوران بنے ہوں۔ تاہم یہ شرط کیٹیگری 'صفر' کیٹیگری 2 اور کیٹیگری 3 کے تحت 31 مارچ 2023ء تک لاگو نہیں ہوگی۔ |
| ہاؤسنگ یونٹس کی زیادہ سے زیادہ مالیت | قرضے کی منظوری کے وقت ایک ہاؤسنگ یونٹ کی زیادہ سے زیادہ قیمت (مارکیٹ ویلیو) ذیل میں دی گئی ہے:<br>• کیٹیگری 1 (T-1) – 35 لاکھ روپے<br>• کیٹیگری 'صفر' (T-0)، کیٹیگری 2 (T-2) اور کیٹیگری 3 (T-3) - **کوئی حد نہیں** |
| قرضے کا زیادہ سے زیادہ حجم | ایک ہاؤسنگ یونٹ کے قرضے کا زیادہ سے زیادہ حجم ذیل میں دیا گیا ہے:<br>• کیٹیگری 'صفر' (T-0) - 20 لاکھ روپے<br>• کیٹیگری 1 (T-1) - 27 لاکھ روپے<br>• کیٹیگری 2 (T-2) - 60 لاکھ روپے<br>• کیٹیگری 3 (T-3) - ایک کروڑ روپے |
| قرضے کا دورانیہ | کم از کم 5 سال اور زیادہ سے زیادہ 20 سال کے لیے، جس کا انحصار صارفین کی پسند پر ہوگا۔ |
| عمل درآمد کرنے والا ادارہ | تمام کمرشل بینک بشمول اسلامی بینک، مائکروفنانس بینک اور ہاؤس بلڈنگ فنانس کمپنی لمیٹڈ (ایچ بی ایف سی ایل) |

## شرح مارک اپ

| قرضے کے کیٹیگری | صارف کے لیے شرح مارک اپ | بینک کے لیے شرح مارک اپ* |
|---|---|---|
| کیٹیگری 'صفر' (T-0) | پہلے 5 برسوں کے لیے 5 فیصد، اور اگلے 5 برسوں کے لیے 7 فیصد | کائبور + 700 بی پی ایس |
| کیٹیگری 1 (T-1) | پہلے 5 برسوں کے لیے 3 فیصد، اور اگلے 5 برسوں کے لیے 5 فیصد | کائبور + 250 بی پی ایس |
| کیٹیگری 2 (T-2) | پہلے 5 برسوں کے لیے 5 فیصد، اور اگلے 5 برسوں کے لیے 7 فیصد | کائبور + 400 بی پی ایس (تفاوت یعنی spread میں فرق ہو سکتا ہے) |
| کیٹیگری 3 (T-3) | پہلے 5 برسوں کے لیے 7 فیصد، اور اگلے 5 برسوں کے لیے 9 فیصد | |

*10 سال سے زائد مدت کے قرضے کے لیے 10 سال بعد صارف پر بینک کی شرح مارک اپ لاگو ہوگی۔

## 20 سالہ قرضے میں پہلے 5 سال کی ماہانہ اقساط (جس کا آغاز اس رقم سے ہو)

| کیٹیگری 'صفر' (T-0) | | کیٹیگری 1 (T-1) | | کیٹیگری 2 (T-2) | | کیٹیگری 3 (T-3) | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| قرضے کی رقم | قسط | قرضے کی رقم | قسط | قرضے کی رقم | قسط | قرضے کی رقم | قسط |
| 5 لاکھ روپے | 3,300 روپے | 10 لاکھ روپے | 5,546 روپے | 10 لاکھ روپے | 6,600 روپے | 60 لاکھ روپے | 46,518 روپے |
| 10 لاکھ روپے | 6,600 روپے | 20 لاکھ روپے | 11,092 روپے | 30 لاکھ روپے | 19,799 روپے | 80 لاکھ روپے | 62,024 روپے |
| 20 لاکھ روپے | 13,199 روپے | 27 لاکھ روپے | 14,974 روپے | 60 لاکھ روپے | 39,597 روپے | ایک کروڑ روپے | 77,530 روپے |

| | |
|---|---|
| جغرافیائی تقسیم | پورا پاکستان |
| شکایات کے حل کا طریقہ | • درخواست گزار افراد اپنی شکایات اسٹیٹ بینک کے اس اسکیم کے لیے مخصوص سروس پورٹل پر درج کرا سکتے ہیں، جس کا لنک یہ ہے: https://servicedesk.sbp.org.pk<br>• ملک بھر میں قائم اسٹیٹ بینک کے دفاتر بھی درخواست گزار افراد کو شکایات درج کرانے کی سہولت دے رہے ہیں۔ |
| معلومات | مزید معلومات کے لیے صارف اس نمبر 033-77-786-786 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ |